نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

Facebook:www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

پھل کی مکھی کے کنٹرول کیلئے باغبان فیرومون ٹریپس کا استعمال کریں: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور12اپریل2023( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا ہے کہ پھل کی مکھی کے میزبان پودوں میں امرود، آم،لوکاٹ، جامن،ترشاوہ اورآڑو وغیرہ شامل ہیں۔پھل کی مکھی اپنی افزائش نسل پھل کے اندر ہی رہ کر کرتی ہےاور بڑی ہوکر پھل سے زمین میں داخل ہوجاتی ہےاور پیوپے کی شکل میں زمین میں رہتی ہے پھرخول اتارکر پروانے کی صورت میں زمین سے باہرآ کرنراور مادہ ملاپ کرتے ہیں۔صوبہ پنجاب میں پھل کی مکھی کی چار اقسام پائی جاتی ہیں اورینٹل پھل کی مکھی،آڑو کی مکھی ،خربوزہ کی مکھی اور بیر کی مکھی۔تمام مکھیوں کا دوران زندگی تقریباایک جیسا ہوتا ہے۔ ماہ اپریل سےنومبر تک ان کی تعداد زیادہ ہوتی ہے۔مادہ مکھی ملاپ کے بعد پھرپھل کے اندرانڈے دیتی ہےاوراپنی افزائش نسل جاری رکھتی ہے۔باغبان نرمکھی کوکنٹرول کرنے کیلئے میتھائل یوجینال کا استعمال کیا جاتا ہے جوکہ پھل کی مکھی کے لئے بے حد کشش رکھتا ہے۔فیرومون پھندے کے استعمال سے پھلوں کے باغات میں پھل کی مکھی کے طریقہ انسداد کوبہتر بنایا گیا ہے جونرکیڑے کے انسداد کا بہترین علاج ہے۔فیرومون محلول میتھائل،یوجینال اورمیلاتھیان سے تیار کیا جاتا ہے۔اس محلول میں ڈبوکر پلاسٹک کے گول پھندے میں ڈال دیا جاتا ہےجس کی شرح6 پھندہ فی ایکڑ ہوتی ہے۔اس سے کاشتکاروں کیلئے پھل کی مکھی کوکنٹرول کرنے کیلئے زہروں کا استعمال بھی 80 سے 90 فیصد کم ہوجاتا ہے۔اس کے علاوہ پٹ سن کی بوریوں کوشیرے میں بھگوکران کے اوپر تھوڑی مقدار میں ٹرائی کلوروفان کا دھوڑا کریں۔ترجمان نے مزید بتایا ہے کہ باغات میں گرے ہوئے خراب پھل گڑھا کھودکرزمین میں دبا دیں اور چنائی کے بعد پھل کو60 منٹ کیلئے 5 فیصدنمک کے محلول میں رکھیں جس سے پھل کی مکھی کے انڈے مرجائیں گےاور پھل کو بعد میں اچھی طرح صاف کرلیں۔پھل کی مکھی کے کنٹرول کے لئے دیگر میزبان پودوں،سبزیوں اورجڑی بوٹیوں پر بھی اس کا تدارک یقینی بنائیں

☆☆☆☆